153

Roll No. | | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate.____________

Sig. of Invigilator.____________

اُردو (لازمی) ایس ایس سی I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

Version No. 1 0 5 2 1

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

سوال نمبر 1: نصاب کی روشنی میں دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) جس نظم میں حضرت محمد (ﷺ) (خاتم النبیین) کی تعریف کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ حمد ب۔ نعت ج۔ قصیدہ د۔ منقبت

(ii) حق اور ______ میں تمیز کرنا سیکھیں۔

الف۔ جھوٹ ب۔ سچ ج۔ فرض د۔ باطل

(iii) انگریزی پڑھنا کوئی ______ نہیں ہے۔

الف۔ مذاق ب۔ سہل ج۔ ہنسی کھیل د۔ مشکل

(iv) مرزا غالب کو کون سا پھل پسند تھا؟

الف۔ آم ب۔ سیب ج۔ کیلا د۔ انار

(v) دونوں لونڈیاں کہاں چھپی تھیں؟

الف۔ کمرے میں ب۔ غسل خانے میں ج۔ پلنگ کے نیچے د۔ دیوار کے پیچھے

(vi) بڑے بھائی صاحب بڑے ______ واقع ہوئے تھے۔

الف۔ ذہین ب۔ محنتی ج۔ قابل د۔ نالائق

(vii) درست کا متضاد ______ ہے۔

الف۔ گندہ ب۔ صاف ج۔ غلط د۔ صحیح

(viii) جو کچھ قرآن میں ہے وہ حضرت محمد (ﷺ) (خاتم النبیین) کے اخلاق تھے۔ یہ کس کا قول ہے؟

الف۔ حضرت سودہؓ ب۔ حضرت خدیجہؓ ج۔ حضرت فاطمہؓ د۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ

(ix) کافر کی جمع کیا ہے؟

الف۔ ہندو ب۔ کفر ج۔ مسلمان د۔ کفار

(x) اسلام سے پہلے ______ ہمیشہ ذلیل رہیں۔

الف۔ عورتیں ب۔ مرد ج۔ انسان د۔ بچے

(xi) سچائی، نیکی اور حسن کسی کی ______ نہیں۔

الف۔ دولت ب۔ جاگیر ج۔ میراث د۔ محتاجی

(xii) خادم خلق نے عمر کی ______ بہاریں دیکھی تھیں۔

الف۔ بیس ب۔ پچیس ج۔ تیس د۔ چالیس

(xiii) وہ قدیم اور ______ تمام علوم پر دسترس رکھتا ہے۔

الف۔ جدید ب۔ پرانا ج۔ نیا د۔ میلا

(xiv) دنیا میں اچھے اور ______ ہر طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔

الف۔ سچے ب۔ برے ج۔ بھلے د۔ چھوٹے

(xv) ماہِ عالم ______ کا شہزادہ تھا۔

الف۔ لاہور ب۔ گجرات ج۔ بمبئی د۔ دہلی

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ____

۱۵۶

اُردو (لازمی) ایس ایس سی ۔ I
(برائے اطفال محروم سماعت وگویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:

حصہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل میں سے پانچ (05) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (10)

(i) ہبار بن الاسود کون تھا؟

(ii) نوجوان نے دریا میں کن لوگوں کو ڈوبتے دیکھا؟

(iii) دوستوں کو دیکھ کر غالب کی کیا حالت ہوتی تھی؟

(iv) پانی کی قلت کے زمانے میں نام دیو پودوں کو کیسے سیراب کرتا؟

(v) پکڑے جانے کے خوف سے ماہ عالم کہاں جا ٹھہرے؟

(vi) بڑے بھائی صاحب بار بار کیوں فیل ہوتے تھے؟

(vii) ساری دنیا کو رزق دینے والا کون ہے؟

سوال نمبر ۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (10)

(i) سائنس اور مذہب کے فاصلے　　(ii) نام دیو۔ مالی

سوال نمبر ۴: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تین سے پانچ جملوں تک محدود جوابات لکھیے: (10)

(i) خادم خلق اپنی موت کو شاندار قرار دیتا ہے۔ کیوں؟

(ii) اسلام سے پہلے عورتوں کی کیا حالت تھی؟ اور اسلام نے انہیں کیا حقوق دیے؟

(iii) بڑے بھائی صاحب ہر سال فیل ہونے کے باوجود چھوٹے بھائی کو لعن طعن کرنے کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے، کیوں؟

سوال نمبر ۵: مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: (10)

مرزا کی آمدنی قلیل تھی مگر حوصلہ فراخ تھا۔ سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ ان کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لولے اور اپاہج مرد عورت پڑے رہتے تھے۔ غدر کے بعد ان کی آمدنی کچھ اوپر ڈیڑھ سو روپے ماہوار ہوگئی تھی اور کھانے پینے کا خرچ بھی کچھ لمبا چوڑا نہ تھا۔ مگر وہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے۔

سوالات:

(i) مرزا غالب کی آمدنی کتنی تھی؟

(ii) مرزا غالب کے مکان کے آگے کون لوگ پڑے رہتے تھے؟

(iii) غدر کے بعد مرزا کی آمدنی کتنی ہوگئی تھی؟

(iv) مرزا کے کھانے پینے کا خرچ کتنا تھا؟

(v) مرزا غالب غریبوں اور محتاجوں کی کتنی مدد کرتے تھے؟

حصہ سوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر ۶: پرنسپل کے نام بیماری کی چھٹی کی درخواست لکھیں۔ (10)

یا

اپنے چچا کے نام خط لکھیں اور تحفے کا شکریہ ادا کریں۔

سوال نمبر ۷: کسی ایک عنوان پر کہانی لکھیے: (10)

(i) لالچ بری بلا ہے　　(ii) پیاسا کوا